رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: التجوید والقراۃ (سالِ دوم) پرچہ: چھٹا مضمون: فضائل وآداب القرآن+التصوف

تاریخ: 02-03-2023 دن: جمعرات کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: ریاکاری کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: بغض وکینہ کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 3: محبت دنیا کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: حب جاہ کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 5: اتباع شہوات کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 6: مداہنت کسے کہتے ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 7: حرص کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 8: بخل کسے کہتے ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 9: طول امل کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 10: اصرار باطل کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 11: بدعہدی کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 12: خیانت کسے کہتے ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 13: تملق (چاپلوسی) کیا ہے؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 14: نسیان خالق کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 15: نفاق (منافقت) کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 16: اتباع شیطان کیا ہے؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 17: تکبر کسے کہتے ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: بدشگونی کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 19: شماتت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: مایوسی کسے کہتے ہیں؟ بیان کریں۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: فضائل وآداب قرآن پر پانچ احادیث لکھیں۔

سوال نمبر 2: کوئی سی پانچ باطنی بیماریاں بیان کریں نیز ان کا ثبوت قرآن یا حدیث سے ضرور بیان کریں۔

سوال نمبر 3: بغض وکینہ کیا ہے؟ قرآن وحدیث میں اسکا ذکر کہاں ہوا نیز اسکے کیا کیا علاج ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 4: محبت دنیا کیا ہے اس بارے میں آیات واحادیث ہماری کیا رہنمائی کرتی ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 5: طلب شہرت کو قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کریں۔

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مَخَارِجُ الْحُرُوْفِ سَبْعَةَ عَشَرْ کا دوسرا مصرعہ ذکر کریں۔

سوال نمبر 2: وَهُوَ اِعْطَاءُ الْحُرُوْفِ حَقَّهَا کا دوسرا مصرعہ ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر 3: باب التحذیرات سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: ظا اور ضاد میں علامہ جزری نے کس طرح فرق بیان کیا ہے؟ شعر مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر 5: "وَحُكْمُ تَنْوِيْنٍ وَنُوْنٍ يُلْقٰى اِظْهَارُ اِدْغَامٌ وَقَلْبٌ اِخْفَا" شعر کا ترجمہ اور اسکی مختصر وضاحت لکھیں۔

سوال نمبر 6: یوف کا قاعدہ جو مشہور ہے بیان کریں اور اسکی حقیقت بھی واضح کریں۔

سوال نمبر 7: ادغام ناقص اور تام کی تعریفات لکھیں۔

سوال نمبر 8: مد اصلی اور مد فرعی کی تعریفات فوائد مکیہ کی روشنی میں لکھیں۔

سوال نمبر 9: مقدار مد اور اوجہ مد سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: ابتدائے قراءت اگر ابتدائے سورت سے ہو تو استعاذہ اور بسملہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

سوال نمبر 11: نوکِ زبان اور ثنایا سفلی کا کنارہ مع اتصال ثنایا علیا سے کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟ نیز انہیں کیا نام دیا جاتا ہے؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 12: "فَرَقِّقَنْ مُسْتَفِلًا مِنْ اَحْرُفٍ" کا دوسرا مصرعہ لکھیں نیز اس پورے شعر کا ترجمہ لکھنا نہ بھولیں۔

سوال نمبر 13: "مُكَمِّلًا مِنْ غَيْرِ مَا تَكَلُّفِ بِاللُّطْفِ فِي النُّطْقِ بِلَا تَعَسُّفِ" مذکورہ بالا شعر کا ترجمہ کرتے ہوئے مختصر وضاحت لکھیں۔

سوال نمبر 14: "وَالْخُلْفُ فِيْ فَرْقٍ لِكَسْرٍ يُوْجَدُ" اس شعر میں علامہ جزری کس اختلاف (قاعدہ) کو بیان کر رہے ہیں؟

سوال نمبر 15: سکتہ کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 16: سکوت کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 17: سکوت کی ضرورت اور محل بیان کریں۔

سوال نمبر 18: وقف معانقہ کی تعریف اور اس کا حکم بیان کریں۔

سوال نمبر 19: قراءتِ ترتیل، حدر اور تدویر کیا ہے؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 20: وقف تام اور وقف کافی کی تعریفات مع حکم لکھیں۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: (الف) المقدمۃ الجزریۃ میں مذکور "باب فی الفرق بین الظاءِ و الضاد" میں سے کوئی سے 04 اشعار مع ترجمہ لکھیں۔

(ب) علم وقف کا وجوب کہاں سے ثابت ہے؟ نیز وقف بالاظہار اور وقف بالاثبات میں فرق لکھیں۔

سوال نمبر 2: (الف) وقف النبی، وقف منزل، وقف غفران کی تعریفات لکھیں۔

(ب) باب معرفۃ التجوید کے 03 اشعار مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر 3: (الف) ا، ج، ص، ق، ب، م، و، ہ، ی، ان حروف کی صفات لازمہ لکھیں۔

(ب) علامہ جزری نے "باب الادغام" میں صرف دو شعر ذکر کیے ہیں آپ وہ دو شعر مع ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر 4: (الف) صاحب فوائد مکیہ نے صفات ممیّزہ کے عنوان سے ایک علیحدہ فصل ذکر کی ہے آپ اس فصل کا مقصود فصل میں موجود صرف 05 سطروں میں لکھیں۔

(ب) علاماتِ وقف ز، ص، ق، قف، صل، صلے میں ہر ایک کا حکماً فرق جامع الوقف کی روشنی میں لکھیں۔

سوال نمبر 5: (الف) المقدمۃ الجزریۃ میں موجود "باب مخارج الحروف" میں سے کوئی 05 اشعار مع ترجمہ لکھیں۔

(ب) فوائد مکیہ کی روشنی میں تفخیم کے درجات مع امثلہ بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ادغام کی اقسام مع امثلہ لکھیں۔

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التجوید والقراۃ (سالِ دوم)** پرچہ: **پہلا** مضمون: **ترجمۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: عبادت اور تعظیم میں فرق بیان کریں۔

سوال نمبر 2: صراط مستقیم کا معنی بیان کریں۔

سوال نمبر 3: "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ" "اور کچھ لوگ کہتے ہیں" یہاں کون لوگ مراد ہیں؟

سوال نمبر 4: "مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِيْ" سے کن کی مثال بیان کی گئی؟

سوال نمبر 5: "اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ" "اپنے رب کی عبادت کرو" عبادت کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 6: اللہ عزوجل نے قرآن پاک میں مثال ذکر فرمائی مثال بیان کرنے کے فوائد بتائیے۔

سوال نمبر 7: سجدہ کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 8: باجماعت نماز پڑھنے کی فضیلت پر صراط الجنان میں مذکور احادیث میں سے کوئی ایک حدیث لکھیں۔

سوال نمبر 9: سورۃ البقرہ آیت نمبر 44 میں مذکور قول و فعل کے تضاد کا نقصان مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: بنی اسرائیل پر اللہ عزوجل کے جو انعامات ہوئے ان میں سے صرف تین کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 11: اللہ عزوجل نے حضرت موسی علیہ السلام سے کتنی راتوں کا وعدہ فرمایا؟

سوال نمبر 12: بنی اسرائیل کو بچھڑا پوجنے کی معافی کیسے ملی اس توبہ کی صورت کیا تھی؟

سوال نمبر 13: "تم پر من و سلوی اتارا" من و سلوی کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 14: بنی اسرائیل نے حضرت موسی علیہ السلام سے بہتر چیز کے بدلے جس گھٹیا چیز کا مطالبہ کیا اس کی مختصر وضاحت کریں۔

سوال نمبر 15: ہفتہ کے دن سرکشی کرنیوالے کس طرح سرکشی کرتے تھے؟ (یہاں بنی اسرائیل مراد ہیں)

سوال نمبر 16: حضرت موسی علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو گائے ذبح کرنے کا حکم کیوں کیا؟

سوال نمبر 17: یہودیوں کے ان پڑھ لوگوں کی کس حماقت کو قرآن میں بیان کیا گیا؟

سوال نمبر 18: کن لوگوں نے کہا کہ ہمیں صرف چند دن جہنم کی آگ چھوئے گی؟

سوال نمبر 19: سورۃ بقرۃ کی دوسری آیت جس میں "شک نہ ہونے" کا ذکر ہے امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا ترجمہ کیا فرمایا؟ بیان کریں۔

سوال نمبر 20: ہدایت والوں کے اوصاف جو سورۃ بقرۃ کی تیسری آیت سے شروع ہوتے ہیں آپ ان میں سے کوئی ایک بیان فرمائیں۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: متقین کے وہ اوصاف جو سورۃ بقرۃ کی ابتدائی آیات میں بیان کیے گئے ہیں صراط الجنان کی روشنی میں انکی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2: بنی اسرائیل پر ہونے والے انعامات الٰہیہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر 3: سورۃ بقرۃ آیت نمبر 43 میں نماز باجماعت ادا کرنے کا ذکر موجود ہے آپ صراط الجنان کی روشنی میں ایک مفصل مضمون بعنوان "نماز باجماعت کی فضیلت و اہمیت" لکھیں۔

سوال نمبر 4: بنی اسرائیل کے بچھڑا پوجنے اور اسکی توبہ کا مفصل ذکر قلمبند کریں۔

سوال نمبر 5: بنی اسرائیل کے گائے ذبح کرنے والا واقعہ بالتفصیل تحریر کریں۔